V

SIGN OF VICTORY

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۹	مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۷؍جمادی الاول ۱۳۶۱ھ مطابق ۱۳؍جون ۱۹۴۲ء	جلد ۵۵

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	منظوری رخصت مزید صاحب سکریٹری بہسا در تعلیمات	۲
۲	منظوری گریڈ عہدہ منصرم سول ججی و عطائے یک اضافہ گریڈ بہ منشی یوسف شاہجہان منصرم سول ججی	۲-۳

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ

۱	منظوری قواعد اسلحہ ریاست رامپور ۱۹۴۲ء	۳

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاسِ ہمایوں اعلیٰ حضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم:- واقع ۸ جون ۱۹۳۲ء

(مسودی)

مرتبہ وعرضداشت عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر باستدعائے صدور حکم منظوری مزید رخصت بادسط سالم تنخواہ تیرہ یوم منظور چودھری اکبر علی سکریٹری تعلیمات از سوم تا ۱۵ جون ۱۹۳۲ء سلسلہ وانتظام سابقہ۔

حکم

بموجب رپورٹ۔ چودھری اکبر علی صاحب سکریٹری تعلیمات کی مزید رخصت تیرہ یوم بادسط سالم تنخواہ از ۳ جون ۱۹۳۲ء سلسلہ وانتظام سابقہ منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم:- واقع ۹ جون ۱۹۳۲ء

(مسودی)

بموجب رپورٹ۔ عہدۂ منصرم سول جج کا گریڈ ۔۔ بہ ۔۔ منظور کیا جاتا ہے۔ منشی یوسف شاہ خاں منصرم سول جج کو ایک اضافہ گریڈ دیا جانا منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

آرڈر نمبر ۱۲۴:-

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض	میرساند

جناب عالی

عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر کی تجویز ہے کہ منشی یوسف شاہ خاں منصرم سول جج کا تقرر از یکم جون ۱۹۱۸ء بشاہرہ ۔۔ ہوا ہے۔ چونکہ اس عہدہ کا کوئی گریڈ منظور نہیں ہوا ہے اس لئے وہ اب تک ۔۔ ماہانہ مقررہ تنخواہ پا رہے ہیں۔ اب انہوں نے اپنی متعلقہ خدمات اور کثرت کار کی صراحت کرتے ہوئے علاوہ گریڈ عرض ۔۔ سپرنٹنڈنٹ کی استدعا کی ہے جو بوجوہ ذیل قابل توجہ خاص متصور کی گئی۔

۱- جیسا کہ ضابطہ ہر عدالت دیوانی کیلئے ایک منصرم ہوتا ہے جو اپنی عدالت میں اہلکار اعلیٰ کے نام سے موسوم ہوتا ہے۔ لیکن کفایت کو مدنظر رکھتے ہوئے ہر دو عدالت ہائے سول کے لئے صرف ایک منصرم بشاہرہ ۔۔ بطور تجربہ رکھا گیا تھا۔ بروقت تقرر منصرم کے سپرد صرف تحت کی دو عدالتوں کے مقدمات میں کورٹ فیس اور اسٹامپ وغیرہ کی جانچ اور انگریزی کاغذات کے اردو ترجمہ کا کام تھا۔ لیکن بعد میں وقتاً فوقتاً حسب ضرورت اس کے متعلق قریب قریب تمام وہی خدمات کردی گئیں جو برٹش انڈیا میں ہوتی ہیں۔

۲- موجودہ منصرم سے قبل جو شخص صرف ایک سال کیلئے منصرم مقرر ہوا تھا اور جس کا تعلق صرف ایک عدالت سے تھا اس کو ۔۔ ماہانہ تنخواہ ملتی تھی۔

۳- موجودہ منصرم گریجویٹ ہے اور الہ آباد ہائیکورٹ میں پانچ سال کام کرنے کا تجربہ رکھتا ہے۔

۴- منصرم مذکور کے متعلق علاوہ دو عدالتوں کی جانچ کورٹ فیس وغیرہ انگریزی کے اردو ترجمہ اور انگریزی مراسلت کے تین سول عدالتوں کے صیغۂ نظامت کی جانچ بھی ہے۔ اور ناظران عدالتہائے

سول کا گریڈ للعہ تا للعہ منظور ہو چکا ہے اس لئے
ناظران کے مقابلہ میں مہتمم کا گریڈ بوجہ اہلکار اعلیٰ
اور جانچ کنندہ ہونے کے زیادہ ہونا مناسب ہے۔
متذکرہ بالا وجوہ کی بنا پر مہتمم کے لئے عطائے گریڈ
آفس سپرنٹنڈنٹ کی تجویز کی گئی تھی۔ لیکن صیغہ فائنانس نے
منشی یوسف شاہ خاں مہتمم سول جی کو ۵۰-۵-۷۵
کا گریڈ اور ایک اضافہ گریڈ بصورت خاص دلائے
جانے سے اتفاق کیا ہے۔ لہذا حسب مشورہ فائنانس
منظوری قابل صدور ہے۔

اسٹیٹ کونسل نے جلسہ منعقدہ یکم جون ۱۹۳۲ء میں برائے
مہتمم سول جی ۵۰-۵-۷۵ کا گریڈ اور بوجوہ
متذکرہ بالا منشی یوسف شاہ خاں مہتمم سول جی کو ایک اضافہ
گریڈ دلائے جانے سے اتفاق کیا ہے۔ لہذا ترقی خواہ
مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ
پائے۔ زیادہ حد ادب دولت و اقبال جاوید باد

ترقی خواہ دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر
مورخہ ۱ جون ۱۹۳۲ء

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈر نمبر (۶۶۶) مورخہ ۲۰/ اپریل ۱۹۴۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۵/ مارچ ۱۹۴۲ء میں عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بابت منظوری **"قواعد اسلحہ ریاست رامپور ۱۹۴۲ء"** منجانب گورنمنٹ رامپور تحت اختیارات زیر دفعات ۴، ۵، ۱۲، ۱۴، ۲۲ قانون اسلحہ ریاست رامپور ۱۹۳۰ء پیش ہو کر طے پایا کہ حسب تجویز منسلکہ "قواعد اسلحہ ریاست رامپور ۱۹۴۲ء" کا نفاذ منجانب گورنمنٹ رامپور برائے ایک سال منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

نقل فوراً مع قواعد منسلکہ برائے اشاعت بہ گزٹ سرکاری اسسٹنٹ پبلسٹی کو مرسل ہو۔ اصل کاغذات بعد اشاعت بذریعہ ڈپٹی سکریٹری صاحب دارالانشاء مرسل ہوں۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

نوٹ:- قواعد محولہ بالا گزٹ کے حصہ سوم میں شامل ہیں۔